علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاشیات (9335) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ)

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | امتحانی مشق نمبر 1 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

یونٹ نمبر 1-4

سوال نمبر 1 آدم سمتھ کی پیش کردہ تعریف کی روشنی میں معاشیات کی تعریف بیان کیجئے۔ نیز جزوی اور کلی معاشیات کے مابین فرق واضح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2 (الف) قانون تقلیل افادہ مختتم کی تعریف کیجئے نیز اس قانون کی عملی اہمیت پر ایک سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے۔ (10)

(ب) کیا اثر آمدنی منفی ہو سکتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 3 قوانین حاصل سے کیا مراد ہے؟ نیز قانون تکثیر حاصل کی وضاحت ایک ٹیبل اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4 منڈی میں اجارہ دارانہ مقابلہ کی صورت میں فرم کے توازن کی وضاحت قلیل اور طویل عرصہ میں کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5 سرمایہ کی تعریف اور اس کی اہمیت وخصوصیات بیان کیجئے۔ نیز سرمایہ کی مختلف اقسام اور اس کی استعداد کی وضاحت کیجئے۔

(20)

کل نمبر:100 | امتحانی مشق نمبر 2 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

یونٹ نمبر 5-9

سوال نمبر 1 خام ملکی پیداوار کی تعرف کیجئے۔ نیز خام قومی پیداوار کی پیائش کے لئے اخراجات کے طریقہ کی مفصل وضاحت کیجئے۔(20)

سوال نمبر 2 مرکزی بینک کی تعریف کیجئے۔ نیز مرکزی بینک کے فنکشن پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3 بین الاقوامی تجارت کی تعریف کیجئے۔ نیز بین الاقوامی تجارت کے فوائد اور نقصانات قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4 حکومتی ٹیکسز کے قومی آمدنی پر اثر کو ایک ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (10 + 10)

(الف) مالیاتی پالیسی (ب) دو شعبی معیشت